سندھ حکومت نے صوبائی سطح پر حال ہی میں پروگرام مینجمنٹ امپلیمینٹیشن یونٹ PMIU قائم کیا ہے اور سندھ کے 5 اضلاع عمرکوٹ، مٹھی، میرپورخاص، جیکب اباد اور کشمور تعلقہ کی سطح پر 24 PMIU بنائے گئے ہیں جس کے تحت نان فارمل ایجوکیشن کے سینٹرز کو فعال کرنے کے لئے 3 عشاریہ 814 ارب روپے رکھے گئے ہیں تاکہ ان اضلاع میں اسکولوں سے باہر بچوں کی تعداد میں کمی لائی جاسکے۔ زیادہ انرولمنٹ رکھنے والے خستہ حال پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں کی بحالی کے لئے سندھ حکومت نے 363 پرائمری اور ایلمنٹری اسکولوں کی بحالی، ضروری سہولیات، اضافی کلاس رومز، لیوٹری بلاک، چار دیواری اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کا منصوبہ تیار کیا ہے جس میں اس برس 119 یونٹ پورے کیے جائیں گے۔ محکمہ تعلیم سندھ کی جانب آوٹ آف اسکول چلڈرن کے لئے بھی ایک پروگرام شروع کیا گیا ہے اور اب تک ایک لاکھ 70 ہزار آوٹ آف اسکولز بچوں کو سہولیات فراہم کی گئی ہیں اور 6 ہزار 351 بچوں کو نان فارمل ایجوکیشن سینٹرز میں داخل کیا گیا ہے جبکہ والدین پر تعلیمی اخراجات کے بوجھ کو کم کرنے کے لئے سندھ حکومت نے خاص کر طالبات کے لئے وظائف کا بھی اعلان کیا ہے اور رواں مالی سال میں اس کے لئے 800 ملین روپے رکھے گئے ہیں جبکہ اعلی تعلیم کے حصول کے لئے سندھ ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ کا قائم کیا ہے اور رواں مالی سال میں اس کے لئے 2 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن (ایس ای ایف) کو سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن ایکٹ 1992 کے تحت ایک نیم خودمختار تنظیم کے طور پر بنایا گیا ہے۔

اس فنڈ کے قیام کا مقصد طالب علموں کو اعلی تعلیم کے حصول میں مالی مدد فراہم کرنا ہے اور اس کے لئے ہر سال تمام طالب علموں سے درخواستیں طلب کی جاتی ہیں اور سندھ ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ ٹرسٹ اور کالج ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے کم آمدنی والے خاندانوں اور ہونہار طلباء کو سرکاری اور نجی شعبے کے معروف اداروں میں معیاری اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لئے وظائف فراہم کیے جاتے ہیں۔ سندھ ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ اسکالرشپ کی لاگت تعلیمی سال کے لئے صرف ایک سال کی ٹیوشن فیس کا احاطہ کرتی ہے۔ رواں برس سندھ کالج ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے سندھ انڈومنٹ فنڈ اسکالرشپس فارم آن لائن جمع کرانے کا آغاز کیا تاکہ اسکالرشپس کی پالیسی کو صاف وشفاف بنایا جاسکے اور میرٹ کی بنیاد پر اسکالرشپ دی جاسکے۔ رواں برس اسکالرشپس کے لئے فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔ اس اسکالرشپس کے حصول کے لئے درخواست گزار کا سندھ کا مستقل رہائشی ہونا ضروری ہے۔

اس کے علاوہ محکمہ تعلیم سندھ کی طرف سے صوبے بھر کے سرکاری اسکولوں کی بہتر ڈیٹا کلیکشن، اسکول پروفائلنگ اور طلبا و اساتذہ کے حوالے سے درست منصوبہ بندی کرنے کے حامل سسٹم سندھ ایجوکیشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم SEMIS کا بھی باضابطہ آغاز کردیا گیا ہے کیونکہ سندھ کے لگ بھگ 45 ہزار سرکاری اسکولز کی سالانہ شماریات (Annual School Census) کے ذریعے طلبا اور اساتذہ کے تناسب سے لیکر بجٹ کے اخراجات اور ضلع و تعلقہ سطح پر اسکولز کی کارکردگی کے مختلف اعداد و شمار کے ذریعے بہتر منصوبہ بندی و فیصلہ سازی کے لئے اس نظام کا کردار کلیدی ہوگا۔ 2015 سے لیکر 2022 تک کے سات برسوں کے ڈیٹا کے حامل اس سسٹم کو بنیادی طور پر تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن میں منصوبہ بندی، ڈیٹا کا بہتر حصول اور اسکول کلسٹرنگ شامل ہیں۔

سندھ ایجوکیشن مینیجمینٹ انفارمیشن سسٹم کی محکمہ تعلیم کا ذیلی اداراہ ریفارم سپورٹ یونٹ قیادت کر رہا ہے جبکہ اس کے لئے یورپی یونین کی طرف سے مالی اور یونیسیف کی طرف سے تکنیکی معاونت فراہم کی گئی ہے۔ اس حوالے سے وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ کا کہنا ہے کہ سرکاری اسکولوں کے اعداد و شمار کو جدید خطوط پر استوار کرنا میرا

خواب تھااور اب ایک کلک پر ہمیں تمام مطلوبہ ڈیٹا مطلوبہ فارم میں میسر ہوگا جس سے فیصلہ سازی میں آسانی ہوگی۔ اس انفارمیشن سسٹم کے ذریعے اسکولز، طلبا و اساتذہ کی شماریات کے ساتھ ساتھ تمام تر اسکول پروفائلنگ کو باآسانی مانیٹر کیا جاسکے گا۔ اس کے ذریعے اسکولوں کی عمارات سے لیکر وہاں موجود تمام سہولیات اور حتیٰ کہ بجٹ کے اخراجات کی بھی تفصیلات مطلوبہ وقت میں معلوم ہوسکیں گی۔

تعلیم کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے محکمہ تعلیم سندھ نے صوبائی وزیر تعلیم سید سردار شاہ کی خصوصی ہدایت پر سیلاب اور بارش کے باعث قائم کیے جانے والے صوبے کے ریلیف کیمپوں میں ٹینٹ اسکول قائم کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر تعلیم سندھ سید سردار شاہ نے عمر کوٹ میں پہلے ٹینٹ اسکول کا افتتاح کیا اور سیکرٹری تعلیم کو سندھ کے تمام کیمپوں میں ٹینٹ اسکول قائم کرنیکا حکم دیا ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم کا کہنا ہے کہ سیلاب کے باعث بچوں کی تعلیم متاثر نہیں ہونے دیں گے، اگر یہ اقدام نہ اٹھاتے تو سندھ میں 25 لاکھ بچے اسکول سے باہر ہوجاتے۔اس لیے ان کیمپوں کا قیام اشد ضروری تھا۔ وزیر تعلیم سندھ کی طرف سے متعلقہ ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران کو ریلیف کیمپوں میں ٹینٹ اسکول قائم کرکے نگرانی کا حکم دیا گیا ہے۔ حکومت سندھ کے تعلیم کے شعبے کے لئے انقلابی اقدامات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ تعلیم اب بھی سندھ حکومت کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت کا مقصد معیاری تعلیم تک مفت رسائی ممکن بنانا ہے اور اس کے لئے سندھ حکومت کوشاں ہے۔ وہ دن دور نہیں جب سندھ کا ہر بچہ معیاری تعلیم حاصل کرکے ملک اور قوم کی خدمت کرے گا اور یہ ہی سندھ حکومت کا نعرہ ہے۔ خدمت میں سب سے آگے۔

تعلیم ہر انسان چاہے وہ امیر ہو یا غریب، مرد ہو یا عورت کا بنیادی حق ہے اور اس حق کو کوئی نہیں چھین سکتا۔ باوجود اس کے انسان خود اس سے کنارہ کشی اختیار نہ کرلے۔ اگر دیکھا جائے تو انسان اور حیوان میں فرق صرف تعلیم ہی کی بدولت ہے۔ تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کے لئے ترقی اور مہذب قوم بننے کی ضامن ہوتی ہے۔یہی تعلیم قوموں کی ترقی اور زوال کی وجہ بنتی ہے۔ تعلیم حاصل کرنے کا مطلب ہر گز صرف اسکول، کالج، مدرسہ، جامعہ (یونیورسٹی) سے کوئی سَند (ڈگری) لینا نہیں بلکہ اس کے ساتھ تمیز و تہذیب، ادب و آداب، اخلاقیات، مستقل مزاجی، ایک دوسرے کا خیال رکھنے سمیت دیگر اخلاقی اقدار شامل ہیں، تاکہ انسان اپنی معاشرتی روایات اور اقتدار کا خیال رکھ سکے اور ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرسکے۔ تعلیم وہ زیور ہے جو انسان کا کردار سنوارتی ہے۔ دنیا میں اگر ہر چیز دیکھی جائے تو وہ بانٹنے سے گھٹتی ہے، مگر تعلیم ایک ایسی دولت ہے جو بانٹنے سے گھٹتی یا کم ہونے کے بجائے بڑھتی ہے۔ انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ بھی تعلیم کی وجہ سے ہی دیا گیا ہے۔ موجودہ دور میں مغرب یا ترقی یافتہ ممالک کی ترقی کا راز صرف تعلیم کو اہمیت دنیا اور تعلیم کے حصول کے لئے ہر ممکن کوشش کرنا اور اسے آسان بنانا ہے۔

تعلیم کا اولین مقصد ہمیشہ انسان کی ذہنی، جسمانی اور روحانی نشونما کرنا ہے۔ حصول تعلیم کے لئے قابل اساتذہ بھی بے حد ضروری ہیں جو بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔ ’’استاد بادشاہ نہیں ہوتا مگر بادشاہ بنادیتا ہے۔‘‘ استاد وہ نہیں جو محض چار کتابیں پڑھا کر اور کچھ کلاسز لے کر اپنے فرائض سے بری الذمہ ہوجائے بلکہ استاد وہ ہے جو اپنے شاگردوں کی خفیہ صلاحیتوں کو جانچے اور انہیں بیدار کرے۔ سندھ میں تعلیمی نظام کو مؤثر بنانے کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات کے سلسلے میں ہونے والی پیشرفت میں اساتذہ کی تربیت اور ٹریننگ پروگرامز بھی قابل ذکر ہیں، جن سے نہ صرف اساتذہ کی علمی قابلیت بڑھی ہے بلکہ ان کے پڑھانے کے انداز میں بھی بہتری آئی ہے۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو سندھ کی صوبائی حکومت کے شعبہ تعلیم میں اقدامات اور منصوبوں سے تعلیم کی ترقی ہوئی ہے اور یہی وجہ ہے کہ دور دراز علاقوں میں بھی اب تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کا گراف بڑھ رہا ہے۔ امید ہے سندھ کا مستقبل روشن ہوگا۔ ■

# امن وامان کی بہتری میں سندھ پولیس کا کردار

قرۃ العین

ترقی یافتہ ممالک میں پولیس جدید آلات سے لیس ہوتی ہے اور اُنہیں ہر طرح کی سہولیات میسّر ہوتی ہیں تاکہ جرائم پیشہ عناصر سے نبرد آزما ہونے کے دوران اُنہیں کسی قسم کی دِقّت پیش نہ آئے اور یہ تمام تر انتظامات اِس لیے کیے جاتے ہیں تاکہ پولیس اہلکاروں کی کارکردگی بہتر سے بہتر بنائی جاسکے۔ جہاں پولیس اہلکار اِس قدر جدید آلات واسلحے سے لیس ہوتے ہیں تو عوام کے ساتھ اُن کے روّیے پر نظر رکھنے کے لیے ان کی وردی میں سینے پر کیمرے نصب ہوتے ہیں تاکہ ضرورت پڑنے پر اُس کیمرے کی مدد سے اصل صورتحال کا پتہ لگانے میں آسانی ہو۔ جیسا کہ ہمارے ملک میں پولیس کا محکمہ صوبائی حکومتوں کے ماتحت ادارے کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہے، اگر یہ کہا جائے کہ کئی دہائیوں سے سندھ میں پولیس کسی نا کسی مسائل سے دوچار ہے تو غلط نہ ہوگا۔ بڑے شہروں میں اکثر جرائم تناسب زیادہ ہوتا ہے کیونکہ یہاں دیگر دیہاتوں اور چھوٹے شہروں سے لوگ کمانے کی غرض سے آتے ہیں اور ان کی آڑ میں چند ایسے عناصر بھی آجاتے ہیں جو شہریوں سے لوٹ مار کرکے دوبارہ اپنے علاقوں میں بھاگ جاتے ہیں۔ شہرِ قائد کی بھی حالت یہی ہے اور حال ہی میں شہر میں اسٹریٹ کرائم کی ایک نئی لہر آئی ہے۔ ایسے میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اس مسئلے پر قابو پانے کے لئے آئی جی سندھ کو خاص ہدایات جاری کردی ہیں۔

سندھ حکومت جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری آپریشن، اسٹریٹ کرائمز کی وارداتوں کے خاتمے اور سماجی برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے، امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے سمیت دیگر امور کے حوالے سے



تمام اضلاع میں اقدامات کر رہی ہے اور نہ صرف کراچی بلکہ اِس سلسلے میں سندھ کے دیگر شہروں مثلاً شکارپور، جیکب آباد، لاڑکانہ و دیگر اضلاع کے پولیس افسران نے اپنے اپنے علاقوں میں امن وامان کو قائم رکھنے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے حوالے سے بہت سے اقدامات کیے ہیں، جِن کے اثرات جلد ہی رونما ہونا شروع ہوجائیں گے اور عوام میں پولیس کا اعتماد بحال ہوگا۔ اس طرح کے اقدامات سے نا صرف جرائم کا خاتمہ بلکہ عوام میں بھی پولیس کا مورال بلند ہوتا ہے۔

اِس بات میں بھی کوئی شک نہیں کہ پولیس اہلکار تہواروں پر اپنے بچوں کی خوشیاں عوام پر نچھاور کرکے اپنی ڈیوٹی انجام دیتے ہیں، جو موسم کی سختیاں برداشت کرتے ہیں، سڑکوں کے کنارے کھلے آسمان تلے کئی کئی گھنٹے ڈیوٹی میں کھڑے رہتے ہیں۔ یہ لوگ جو پولیس یونیفارم پہنے ہوتے ہیں، ان میں سے کوئی کسی کا والد کسی کا بھائی کسی کا بیٹا تو کسی کا عزیز ہوتا ہے، یہ سب ہمارے محافظ اور بھائی ہیں لیکن بدقسمتی سے بارہا دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ عوام اور پولیس کے درمیان ایک خلش سی باقی رہتی ہے۔ چند گنے چُنے لوگوں کے علاوہ بیشتر لوگ پولیس اہلکاروں کو وہ عزّت نہیں

دیتے جو اُنہیں دینی چاہیئے۔ اِس کی کئی وجوہات ہیں اور کئی جگہ خرابیاں بھی ہیں۔

ایک طرف تو عوام اُنہیں اپنا محافظ نہیں سمجھتے ہیں جس میں بڑی حد تک سوشل میڈیا کا بھی کردار ہے، سوشل میڈیا کے بے لگام ہونے کی وجہ سے کوئی بھی کچھ بھی کہہ دیتا ہے اور اپنی رائے کا اظہار کر کے معاشرے کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو دوسری طرف پولیس بھی اگر عوام کے ساتھ دوستانہ رویہ اختیار کرے اور عام شہری کے ساتھ تہذیب و سلیقے سے بات کرے تو یہ ماحول یکسر تبدیل ہو سکتا ہے۔ اِس میں کوئی شک نہیں کہ کرمنلز کو آہنی ہاتھوں کنٹرول کرنا چاہیئے، لیکن اگر عام شہری کو کرمنلز کی نگاہ سے دیکھا جائے اور ویسا ہی سلوک اُن کے ساتھ کیا جائے تو یہ باتیں خلش کا سبب بنتی ہیں۔ عوام کو بھی چاہیئے کہ جو پولیس اہلکار ہماری ہی حفاظت کے لیے سڑکوں، ہسپتالوں، شاپنگ پلازوں اور دیگر تفریحی مقامات پر اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے ہوتے ہیں اُن کی ہدایات پر عمل کریں اور ایک ذمے دار شہری ہونے کا ثبوت دیں تو صورتحال بہت حد تک تبدیل ہو سکتی ہے، کیونکہ جب تک عوام پولیس کے ساتھ تعاون نہیں کرے گی تھانہ کلچر نہیں بدلے گا۔

گذشتہ کئی دہائیوں سے حکومتِ سندھ کی مسلسل کوشش رہی ہے کہ صوبے میں امن و عامہ سے متعلق صورتحال کنٹرول میں رہے اور جرائم کی شرح حتیٰ الامکان کم رہے اور اِس سلسلے میں حکومتِ سندھ کو خاطر خواہ کامیابی بھی حاصل ہوئی ہے۔ پچھلے کئی برسوں سے اسٹریٹ کرائمز، ٹارگٹ کلنگ اور دیگر جرائم پر کافی حد تک قابو پا لیا گیا ہے۔ جرائم کی شرح میں خاطر خواہ کمی لائی گئی ہے، لیکن حال ہی میں اسٹریٹ کرائمز اور دیگر وارداتیں رپورٹ ہو رہی ہیں جس پر وزیرِ اعلیٰ سندھ نے برہمی کا اظہار کیا ہے اور محکمہ پولیس کو مزید چاک و چوبند رہنے کی تاکید کی ہے۔ اِس سلسلے میں وزیرِ اعلیٰ سندھ سیّد مراد علی شاہ کی زیرِ صدارت کئی اجلاس بھی منعقد کیے جا چکے ہیں جن میں آئی جی سندھ غلام نبی میمن اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز پر ہر ممکن قابو پانے کے لیے اقدامات پر سنجیدگی سے غور کیا گیا اور جن شعبوں میں بہتری کے امکانات ہیں اُن کا بھی جائزہ لیا گیا۔

وزیرِ اعلیٰ سندھ نے شہر میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے ہنگامی اجلاس طلب کیا اور متعلقہ افسران کو سخت ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں یہ بھی کہا کہ میں اب اسٹریٹ کرائم کی وارداتیں بالکل برداشت نہیں کروں گا، کیونکہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ امن و امان ہر صورت ٹھیک ہونا چاہیئے، اس کے علاوہ نشے کے عادی افراد کو بحالی سینٹر شفٹ کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ وہ کرمنل ایکٹو ٹیز میں ملوث نہ رہ سکیں۔

حکومتِ سندھ بار بار جرم کرنے والے مجرمان کی ای ٹیگنگ کرنے پر بھی غور کر رہی ہے تاکہ اُن کی نقل و حرکت پر نظر رکھی جاسکے۔ مجرموں کے لیئے مشکلات پیدا کرنے کے عمل پر بھی غور کیا جارہا ہے اور کرمنلز کی ضمانت ہونے کو مشکل کرنے کے لئے ضروری قانون سازی کا فیصلہ کیا جارہا ہے۔ سیف سٹی پراجیکٹ اب ٹینڈرنگ کی اسٹیج پر ہے اور اس پراسیس کو تیز کرنے کی ہدایات بھی دی گئی ہیں۔ کراچی میں اس وقت 15 ہزار کانسٹیبلز کی پوزیشن پر آسامیاں خالی ہیں اُنہیں بھی جلد از جلد پُر کیا جائے۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ کراچی کی سیکشنڈ اسٹرینتھ 60 ہزار ہے، جرائم کے خاتمے کے لیے اِس اسٹرینتھ کا پُر کیا جانا بے حد ضروری ہے، جبکہ آئی جی سندھ پولیس نے بتایا کہ اِس وقت بھی بھرتیاں جاری ہیں۔ حکومت سندھ عرصہ دراز سے میں محکمہ پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے کوشاں ہے تاکہ محکمہ پولیس کی کارکردگی بہتر سے بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔ اِس سلسلے میں تمام پولیس اسٹیشنوں میں کمپیوٹرائزڈ نظام بھی متعارف کیا گیا ہے اور جوانوں کو جدید آلات، اسلحہ اور دیگر مراعات دی گئیں ہیں تاکہ وہ جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کے لیئے بھرپور طریقے سے برسرِ پیکار رہ سکیں اور جرائم کا قلع قمع کیا جاسکے۔ مخدوش تھانوں کی تعمیر پر بھی توجہ دی جارہی ہے اور کئی تھانے نئے سرے سے تعمیر کیے گئے ہیں جنہیں ماڈل پولیس اسٹیشنز کا نام دیا گیا ہے، غرضیکہ محکمہ پولیس کی تعمیر و ترقی کے لیے ہر ممکن ذرائع کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ جس کی ایک مثال پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ

پروگرام کے تحت ڈسٹرکٹ ایسٹ میں قائم فیروز آباد ماڈل پولیس اسٹیشن ہے، جس کا افتتاح حال ہی میں ہوا ہے۔

سندھ پولیس کا قیام 1843ء میں عمل میں آیا اور یہ خطے کی سب سے پہلی قائم کی جانے والی پولیس ہے۔ یہ ادارہ 179 برس سے اعلیٰ پیشہ وارانہ روایات کا امین ہے۔ اس وقت صوبے میں ہزاروں اہلکار اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ قیام پاکستان کے وقت صوبہ سندھ میں صرف پانچ جیل قائم تھے، تاہم آزادی کے کچھ وقت بعد صوبے میں مزید بیس جیلوں کا قیام عمل میں لایا گیا۔ سندھ ملک کا واحد صوبہ ہے جہاں جیل کے عملے کی تربیت کے لئے سندھ پریزن اسٹاف ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ نارا حیدرآباد میں قائم ہے۔ سندھ میں جیلوں کو تین ریجنز یعنی علاقائی طور پر تقسیم کیا گیا ہے۔ جس میں کراچی ریجن، حیدرآباد ریجن اور سکھر ریجن شامل ہیں۔ کراچی ریجن میں چار جیل آتے ہیں۔ جن میں سینٹرل جیل کراچی، ضلعی جیل ملیر، سینٹرل جیل برائے خواتین اور یوتھ فل آفنڈرز انڈسٹریل اسکول کراچی ہیں۔ حیدرآباد ریجن میں سینٹرل جیل حیدرآباد، اسپیشل پریزن نارا حیدرآباد، ضلعی جیل بدین، ضلعی جیل میرپورخاص، ضلعی جیل شہید بینظیر آباد، ضلعی جیل سانگھڑ، ضلعی جیل دادو، اوپن پریزن بدین، یوتھ فل آفنڈرز انڈسٹریل اسکول حیدرآباد، یوتھ فل آفنڈرز انڈسٹریل اسکول دادو اور جیل برائے خواتین حیدرآباد شامل ہیں، جبکہ سکھر ریجن میں سینٹرل جیل سکھر، سینٹرل جیل لاڑکانہ، سینٹرل جیل خیرپور، ضلعی جیل سکھر، ضلعی جیل شکارپور، ضلعی جیل نوشہروفیروز، ضلعی جیل گھوٹکی، ضلعی جیل جیکب آباد، جیل برائے خواتین لاڑکانہ، یوتھ فل آفنڈرز انڈسٹریل اسکول لاڑکانہ اور یوتھ فل آفنڈرز اسکول سکھر شامل ہیں۔ سندھ کی عوام دوست صوبائی حکومت کی جانب سے پولیس رولز اور جیل ریفارمز کے تحت بدعنوانی اور رشوت کے حصول کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لئے پولیس اور جیل کے نظام کو ڈیجیٹلائزڈ بھی کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ لوگوں کی سہولت کیلئے عوام کو پولیسنگ کے نظام یا دیگر شکایات کے لئے آن لائن نظام بھی متعارف کرایا گیا ہے۔ جہاں عوام بلا جھجک اور آسانی سے اپنی شکایات کا اندراج یقینی بنانے کے ساتھ اپنی شکایات پر ہونے والی کارروائی کے حوالے سے معلومات حاصل کرسکتی ہے۔ سندھ حکومت کی جانب سے اٹھائے جانے والے ان تمام اقدامات کا مقصد صوبے میں بسنے والے ہر شہری کو بنیادی حقوق کی فراہمی یقینی بنانا اور ہر شہری کو اس کے حقوق سے آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا قائم کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ہر شہری کا بھی یہ فرض بنتا ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں خاص کر پولیس سے مکمل تعاون کرے تاکہ سندھ کی فضائیں خوشگوار رہیں۔

اِس کے علاوہ سندھ حکومت نے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں سہولت سینٹرز قائم کئے ہیں۔ 24ہزار نوجوانوں کو بھرتی کرکے آرمی سے تربیت کروائی گئی ہے۔ اس کے علاوہ کراچی میں 100 رپورٹنگ سینٹر قائم کئے گئے ہیں جبکہ صوبے بھر میں اس کی تعداد 200 سے زائد ہے۔ چونکہ اگر پولیس کی آپریشنل ضروریات پوری نہ ہوں تو آپریشن میں نقصان اور آپریشن بند اور ناکام ہونے کا خدشہ بھی رہتا ہے۔ اگر بات کی جائے سندھ پولیس کے انتظامی ڈھانچے کی تو سندھ پولیس کے ادارے سندھ کے مختلف شہروں میں قائم ہیں جس کا صوبائی مرکز کراچی میں ہے اور پھر ضلعی انتظامیہ، تحصیل کے مراکز، تحصیل کے بعد تھانے اور چوکیاں قائم کی گئی ہیں۔ سندھ حکومت کا عزم ہے کہ جلد از جلد پُر امن معاشرہ تشکیل پاسکے تاکہ سندھ کی عوام امن اور چین کی زندگی گزار سکیں اور سندھ پولیس ہر شخص کے جان ومال کی محافظ کے طور پر کام کرے اور اِس سلسلے میں کیے گیے اقدامات کے دور رس نتائج برآمد ہوں گے۔ لیکن یہاں اس بات کو بھی ملحوظِ خاطر رکھنے کی ضرورت ہے کہ شہریوں بھی اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں جرائم کی وارداتوں کو فوراً پولیس کو رپورٹ کریں اور اگر اپنے ارد گرد کوئی بھی غیر قانونی سرگرمی ہوتے دیکھیں تب بھی علاقائی پولیس کو فوراً آگاہ کریں تاکہ پولیس بروقت کارروائی کرسکے اور عوام کا نقصان ہونے سے بچ سکے۔ ■

# بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس اینڈ ریسرچ ڈیولپمنٹ بورڈ

آغا مسعود

بے روزگاری نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کے لئے ایک سنگین مسئلہ ہے۔اس وقت دنیا کی آبادی ساڑھے سات ارب کے لگ بھگ ہے اور اگر بچوں، بوڑھو اور بیماروں کو علیحدہ کر دیا جائے تو بھی روزگار کے لئے بہت وسائل درکار ہیں۔ غریب ممالک میں بے روزگاری کی شرح زیادہ ہے اور پاکستان میں بھی اس وقت بے روزگاروں کی شرح میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ایک طرف دو سال قبل آنے والی وبا کورونا وائرس نے جہاں لوگوں کی صحت کو متاثر کیا ہے وہیں یہ وبا خصوصی غریب طبقے کے لئے معاشی موت بن کر سامنے آئی ہے۔تاہم سندھ حکومت بے روزگاری کے خاتمے کے لئے اقدامات کر رہی ہے اور مختلف سرکاری محکموں میں قابلیت کی بنیاد پر نوکریاں دینے کے لئے حکمت عملی بنائی جا چکی ہے۔ ظاہر ہے کہ آبادی زیادہ ہونے کی وجہ سے ہر ایک کو سرکاری نوکری فراہم کرنا ممکن نہیں ہے، اس لئے سندھ حکومت نے مزدور کارڈ اور کسان دوست اسکیمیں متعارف کروائی ہیں، تاکہ نچلے طبقے کو براہ راست فائدہ پہنچایا جاسکے۔ کسانوں کو سبسڈی فراہم کر کے ان کی آمدنی میں اضافہ کیا جا رہا ہے، جبکہ مزدور کارڈ کا اجراء مزدور کی اجرت میں اضافے کا سبب بن رہا ہے۔ یہی نہیں بلکہ شہر میں جاری مختلف منصوبوں پھر چاہے وہ سڑکوں کی تعمیر ہو، شجر کاری مہمات یا دیگر کام ان سے بھی لوگوں کو روزگار مہیا ہو رہا ہے۔ بے روزگاری کے سبب گداگروں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے اور خصوصاً چھوٹے بچوں سے بھیک منگوائی جا رہی ہے، تاہم سندھ حکومت چائلڈ پروٹیکشن اتھارٹی کے تحت چلڈرن ویلفیئر سینٹرز کا قیام کر رہی ہے اور ان گداگر بچوں کو تعلیم اور ہنر فراہم کر کے معاشرے کا کارآمد شہری بنانے میں اپنا کردار



ادا کر رہی ہے اور صوبہ سندھ میں دقیانوسی اور پرانے نظام تعلیم کو بریک لگا کر اس کو جدید طریقہ ہائے زندگی سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے تاکہ بیروزگار نوجوانوں کو جدید فنی تعلیم سے آراستہ کر کے ان کے روزگار کے حصول میں آسانی پیدا کی جائے۔ آج سے ہزاروں سال قبل کسی ضرورت مند نے ماہی گیر سے مچھلی کی بجائے مچھلی پکڑنے کا کانٹا مانگا تھا۔اس وقت ماہی گیر نے کہا تھا" بیٹا تم بھوکے ہو تم مچھلی لے لو تمہاری کم از کم آج کی رات تو اچھی گزر جائے گی تو بھوکے نے جواب دیا تھا "سر میں آج کھانا کھالوں گا لیکن کل کیا کروں گا لہذا آپ مہربانی فرما کر مجھے یہ کانٹا دے دیں میری بھوک اور روزگار دونوں کا بندوبست ہو جائے گا۔

یہ ایک ایسا فلسفہ ہے جس کو اپنا کر قومیں ترقی کر سکتی ہیں۔ حکومت سندھ اس مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس اینڈ ریسرچ ڈیولپمنٹ بورڈ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جس کا مقصد نوجوانوں کو ٹیکنیکل تعلیم دینی ہے۔ ٹیکنکل تعلیم جیسے ہم عرف عام میں ووکیشنل تعلیم بھی کہتے ہیں کسی بھی ملک کی صنعتی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں اس کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے کیونکہ

ہمارے ملک میں تعلیم یافتہ نوجوانوں کو ملازمت کی مسئلہ درپیش ہے نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لے کر نوکری کی تلاش میں سرگرداں ہیں لیکن نوکری نہیں ہے کیونکہ مارکیٹ میں جو جابس دستیاب ہیں وہ زیادہ تر ٹیکنکل نوعیت کی ہیں اور جن نوجوانوں کے پاس ٹیکنکل تعلیم کا ہنر ہے وہ ملک سے باہر چلے جاتے ہیں کیونکہ ان کو وہاں یہاں سے اچھے پیسے ملتے ہیں۔ گذشتہ زمانے میں چونکہ آبادی کم ہوتی تھی اس لیے بی اے، بی کام وغیرہ کی ڈگری رکھنے والوں کو آسانی سے نوکری مل جایا کرتی تھی لیکن موجودہ زمانے میں بہت سخت کمپیٹیشن ہے۔ اب صرف اس فرد کو نوکری ملتی ہے جس کے پاس ہنر ہے۔ ٹیکنکل بنیادوں پر مبنی تعلیم کے متعدہ فائدے ہیں اول یہ کہ طلباء وطالبات ڈپلوما سرٹیفیکیٹ ملنے تک مکمل طور پر تجربہ کار ہو چکے ہوتے ہیں اور انہیں انٹرن شپ کے نام پر کمپنیوں میں ڈگری کے باوجود بلا معاوضہ محنت نہیں کرنی پڑتی اور وہ اپنے کاروبار یا نوکری دونوں کے لیے تیار ہوتے ہیں۔

اگر ہم انسانی تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ انسان زمانہ قدیم سے ہی ترقی کا خواہاں رہا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ تیزی سے بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انسان نے نت نئی ایجادات اور دریافتوں کا سہارا لیا جو انسانی ترقی کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ کہتے ہیں کہ ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔ اسی ضروریات اور مسائل کو حل کرنے کے لیے انسان نے دماغ لگایا اور نت نئی چیزیں ایجاد کیں۔ جدید دور سائنسی اور تکنیکی ترقی کا دور ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا ہونے کے لیے سائنسی اور تکنیکی تعلیم نہایت ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر کوئی ملک خوشحالی کا تصور نہیں کر سکتا۔ پیشہ ورانہ تعلیم جدید دور میں ہر تعلیمی نظام کا ایک اہم حصہ ہے اس کی تربیت کے ذریعے افراد کو مختلف پیشوں کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے تمام ملکوں میں عام تعلیم (Academic Education) کے اداروں کے ساتھ ساتھ فنی تعلیم کے ادارے بھی قائم ہیں۔ جن میں افراد کو ٹیکنکل تعلیم سے آراستہ کیا جاتا ہے۔

ٹیکنکل تعلیم سے معاشرے میں ہنر مند افراد کی کارکردگی غیر تربیت یافتہ افراد سے بہت بہتر ہوتی ہے اور وہ معاشرے کی بہتر خدمت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہنر مند افراد قومی اور قدرتی ذرائع اور وسائل کو بہتر طور پر استعمال میں لاتے ہیں جس سے ملک میں صنعتی انقلاب برپا ہوتا ہے اور اس طرح قومی معیشت مستحکم ہو جاتی ہے اور معیار زندگی بھی بلند ہو جاتا ہے۔ کیونکہ فنی تربیت ایک ایسا مربوط نظام ہے جس کے ذریعے کوئی فرد معاشرے میں باعزت روزگار کما کر بہترین زندگی گزارنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ تعلیم انسان کو شعور اور معاشرتی ادب سکھا کر معاشرے میں رہنے کے قابل بناتی ہے جسے حاصل کرنے سے انسان ایک قابل قدر شہری بن جاتا ہے جبکہ فنی تربیت بنی نوع انسان کے اندر چھپی ہوئی صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے اسے باعزت روزگار کمانے کے قابل بناتی ہے تاکہ وہ معاشی طور پر خوشحال زندگی بسر کر سکے۔

پاکستان ابھی تک ایک ترقی پذیر ملک ہے اس میں بے روزگاری کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارا ملک زرعی اور صنعتی لحاظ سے بھی بہت پسماندہ ہے۔ ان مسائل کے حل کے لئے ہمارے ملک کو فنی تعلیم کی سخت ضرورت ہے اس کے بغیر پاکستان ترقی پذیر دور سے نہیں نکل سکتا۔ اس لئے ہماری حکومت کا اوّلین فرض ہے کہ ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ فنی تعلیم کے لئے نئے اور معیاری ادارے قائم کرے اور پرانے اداروں میں توسیع کر کے فنی تعلیم کا دائرہ وسیع کرے تاکہ زیادہ سے زیادہ فنی ماہرین تیار کر کے بے روزگاری، زرعی اور صنعتی مسائل پر قابو پایا جاسکے۔ زرعی لحاظ سے پاکستان میں فنی ماہرین کی شدید کمی ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ زرعی میدان میں ہمیں کاشتکاری کو مشینی بنانا ہے۔ اگرچہ پاکستان میں جدید آلات کاشتکاری میں استعمال کیے جارہے ہیں لیکن اس کے باوجود ہمیں ایسی ایگرو ٹیکنکل تعلیم کی ضرورت ہے جس کے ذریعے ہم ایسے ماہرین پیدا کر سکیں جو ملک کی اس کمی کو پورا کر سکیں۔ ایک عام تاثر یہ ہے کہ تعلیم ہر مسئلہ کا حل ہے لیکن سری لنکا میں 98 فیصد شرح

خواندگی ہونے کے باوجود یہ ملک غربت، بے روزگاری اور پسماندگی میں جکڑا ہوا ہے۔ اسی طرح کئی ممالک کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جن کی شرح خواندگی تو اچھی ہے لیکن وہ غریب ممالک میں شمار ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے تعلیم کے ساتھ فنی تربیت کو یکسر فراموش کر دیا۔ ہمارے ملک کا حال بھی ایسا ہی ہے۔ آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے جس میں آدھی سے زیادہ آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے لیکن تعلیم اور ہنر مندی سے محروم یہ نوجوان ملکی معیشت کا سہارا بننے کے بجائے بڑھتی ہوئی بے روزگاری کی وجہ سے بوجھ ثابت ہو رہے ہیں۔

پاکستان کے مدہوش حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے تعلیم کے ساتھ ساتھ کسی ہنر کا حاصل کرنا بھی بہت ضروری ہو گیا ہے جن ممالک نے فنی تعلیم کو اپنی عمومی تعلیم کا حصہ بنا کر اس پر توجہ دی وہاں معاشی ترقی کی رفتار زیادہ دیکھنے میں آتی ہے فنی تعلیم کسی بھی معاشرے کے تعلیمی اور نتیجتاً معاشی استحکام کی ضامن ہوتی ہے لیکن پاکستان میں فنی تعلیم پر توجہ کم دی جاتی ہے جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ پاکستان میں فنی تعلیم کی شرح صرف 4 سے 6 فیصد تک ہے جبکہ ترقی یافتہ ممالک میں یہ شرح ستر فیصد سے زائد تک ہے۔ ہمارے دیہات، قصبوں اور شہروں میں تعلیم حاصل کرنے والے طباء و طلبات کو صرف چند پیشوں سے آگاہ کیا جاتا ہے جبکہ درجنوں پیشوں ایسے ہیں جن کو اختیار کر کے طلباء معاشرے میں کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔

پاکستان ان چند مملک میں سے ایک ہے جن کی آبادی کا بیشتر حصہ 18 سال 25 سال کے نوجوانوں پر مشتمل ہے جن میں سے ذہین طلباء کو تو کسی نہ کسی میڈیکل یا انجینئرنگ یونیوسٹی میں داخلہ مل جاتا ہے لیکن اکثریت طلباء و طالبات بہتر فیصلہ نہیں کر پاتے اور ان میں سے زیادہ تر غیر ٹیکنکل پیشے کا چناؤ کرتے ہیں جس کا اکثر اوقات وہ بیروزگار ہی رہتے ہیں۔ ہمیں اپنے ادر گرد ایسے لاتعداد لوگ مل جائیں گے جو ایم اے معیشت، ایم اے انگلش وغیرہ کی ڈگری لیے نوکری کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہیں اور پھر ایم اے یا بی اے کی مذکورہ ڈگریاں کسی کام کی بھی نہیں ہوتی یہ ڈگریاں عموماً نقل کر کے یا اپنی جگہ کسی اور کو بیٹھا کر امتحان دلوا دیا جاتا ہے جس کے بعد باآسانی ڈگری مل جاتی ہے۔ ان ماسٹر ڈگری ہولڈر سے اگر کہا جائے کہ انگلش میں ایک صفہ تو لکھ دو تو وہ ایک صفہ بھی نہیں لکھ پائیں گے شاید سو طلباء میں ایک یا دو ایسا نکل آئے جو مضمون لکھ دے لیکن اکثریت کا حال یہی ہے۔ دوسری طرف اگر حکومت ان کو گائیڈ کرے تو ہو سکتا ہے کہ یہ نوجوان کوئی ہنر سیکھ کر روزگار کے بہتر مواقع حاصل کریں۔

بد قسمتی سے ہمارے ملک میں تین قسم کا نظام ہائے تعلیم چل رہا ہے ایک دینی مدارس میں بچوں کو تعلیم دی جارہی ہے وہاں سے نکلے ہوئے بچے سب کو معلوم ہے کہ کیا کر رہے ہیں دوسرا انگریزی تعلیم نظام ہے جس میں صرف صاحب ثروت افراد کے بچے ہی پڑھتے ہیں۔ جبکہ سرکاری سطح پر مروجہ نظام ہے وہ صرف غیر ہنر مند لوگوں کو پیدا کرنے کی فیکٹری بنا ہوا ہے ماہرین کے خیال میں ایسی داخلہ پالیسی ہونی چاہیے کہ ایم اے اور بی اے کرنے والے طلباء کو داخلہ ہی نہ ملے اور وہ مجبوراً ٹیکنکل ایجوکیشن کی طرف مائل ہوں۔ دراصل ہمارے معاشرے میں پرائیوٹ کام کرنے کو اپنی توہین سمجھتے ہیں سرکاری نوکری کی تلاش میں خود کو برباد کر لیتے ہیں وہ ذہنی طور پر فنی کام کو اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ ہمارے ہاں اکثر ترقی یافتہ ممالک کی مثالیں دی جاتی ہیں کہ وہاں پر فنی کام کرنے والون کی آمدنی ڈاکٹر اور انجنیئر کے برابر ہوتی ہے اور معاشرے میں ان پیشوں کو قابل احترام سمجھا جاتا ہے۔

اسی تناظر میں ہم اپڑوسی ملک چین کے ماہرین سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں چین وہ ملک ہے جس نے یکم اکتوبر 1949ء کو آزادی حاصل کی تھی اس وقت چین ایک پسماندہ ملک تھا دنیا بھر غریب ترین ممالک میں اس کا شمار کیا جاتا تھا لیکن دنیا نے دیکھا کہ افیون کا نشہ کرنے والے چینیوں نے ترقی کی بلندیوں کو چھو لیا۔ چین بخوبی جانتا تھا کہ اس کے پاس جدید ٹیکنالوجی اور سائنس کی تعلیم کا فقدان ہے لہذا اسی پر توجہ دی گئی اور یوں چینی ماہرین بنتے چلے گئے جس سے چین میں صنعتوں کو جدید خطوط پر استوار کیا گیا۔ آج کا چین ایک

طاقتور اور مضبوط ملک ہے جسے 70ء کی دہائی میں غریب ترین ملک کہہ کر رد کر دیا جاتا تھا اب وہی ملک نہ صرف ترقی کی بلندیوں پر جارہا ہے بلکہ دنیا بھر کی سپر پاورز کی صف میں کھڑا نظر آتا ہے۔ دوسری طرف پاکستان ہے جو ستر سال بعد بھی ترقی یافتہ تو دور کی بات پاکستان کی آدھی آبادی ہی غیر تعلیم یافتہ ہے اور جو فنی تعلیم حاصل کر لیتے ہیں وہ یورپ، امریکا اور مشرق وسطی چلے جاتے ہیں کیونکہ ان کو پاکستان میں اچھی جاب نہیں ملتی۔ لیکن ان مسائل کے باوجود اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان میں ٹیکنکل تعلیم پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور ملک میں ہزاروں ادارے فنی تعلیم کے لیئے قائم کیے گئے ہیں جن میں ہر قسم کے ہنر مند افراد تیار کیے جارہے ہیں مگر ابھی ہم اس میدان میں دوسرے ملکوں سے اس لئے پیچھے ہیں کہ ان اداروں میں فنی تعلیم کا کوئی معیار نہیں اور نہ ہی ان اداروں میں تربیت پانے والوں کو عملی تربیت دی جاتی ہے بلکہ انہیں نظری تعلیم دے کر فارغ کر دیا جاتا ہے۔

اسی لیے سندھ حکومت نوجوانوں کو ویکشنل ٹریننگ کی طرف راغب کررہی ہے جس میں بیشمار شعبے ہیں مثلاً تھری ڈی ڈیزائننگ، الیکٹریکل اپلائنسز، موبائل ریپئرنگ، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ جیسے کورسز کی جانب راغب کیا جارہا ہے اس سے نہ صرف معاشرے میں بڑھتی ہوئی بیروزگاری اور فرسٹریشن ختم کرنے میں مدد ملے گی بلکہ صوبہ خوشحالی کی جانب گامزن ہوگا۔ کیونکہ جتنے عرصے میں بی اے یا ایم اے مکمل ہوتا ہے اتنی ہی عرصہ میں ٹیکنکل ڈپلومہ بھی مکمل ہو جاتا ہے ایم اے یا بی اے کی ڈگری رکھنے والے نوجوان کو محض بیس سے پچیس ہزار کی نوکری ملتی ہے جبکہ ٹیکنکل ڈپلومہ حاصل کر کے اپنی فیلڈ میں مہارت حاصل کر کے معقول آمدنی کا کوئی نہ کوئی وسیلہ حاصل کر چکے ہوتے ہیں جسے کے ذریعے کسی بھی شعبہ کے ماہر نوجوان پچاس ہزار سے زائد ماہانہ کمارہے ہوتے ہیں۔

صوبہ سندھ میں فنی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے نئے چیف سیکریٹری سندھ ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت کا کہنا تھا کہ بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس اینڈ سرچ بورڈ کے تحت صوبے میں گذشتہ پانچ سالوں میں اب تک 5 لاکھ تک نوجوانوں کو تربیت دی گئی ہے۔ یہ بات انہوں نے بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس اینڈ سرچ بورڈ کے تحت تربیت مکمل کرنے والے نوجوانوں میں سرٹیفیکیٹ تقسیم کرنے کی ایک تقریب میں کہی۔ تقریب میں چیف سیکریٹری سندھ نے تربیت مکمل کرنے پر نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ وقت ہے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے حکومت سندھ نوجوانوں کو ٹیکنکل تربیت فراہم کرتی ہے پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو روزگار اور فری لانسگ کے مواقع ملے ہیں اور حکومت سندھ نوجوانوں کو اسکل ڈویلپمنٹ پر کام کررہی ہے۔ ادارہ کا مقصد سندھ کے نوجوانوں کو اسکل دینا ہے جس کی دنیا کو ضرورت ہے ملک کے 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے لہذا وقت کی ضرورت ہے کہ نوجوانوں کو ڈیجیٹل کورسز کروائے جائیں۔ خصوصاً گرافیکس، کلاوڈ ٹیکنالوجی، بلاک چین ٹیکنالوجی اور دیگر ڈیجیٹل کورسز سے صوبہ کے نوجوانوں کو تربیت دینا ہوگی۔ ملک کی ایکسپورٹ بڑھانے کے لیے آئی ٹی انڈسٹری کو انسیٹو Incentive دینا ہوگا جس سے آئی ٹی سیکٹر سے ملک آئندہ 3 سے 4 سالوں میں اربوں ڈالر کما سکتا ہے۔ اسی لیے سندھ حکومت نوجوانوں پر توجہ دے رہی ہے کیونکہ وہ ہمارا مستقبل ہیں۔ یقیناً بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس اینڈ سرچ بورڈ نوجوانوں کو اپنی دلچسپی کے شعبوں میں ہنر سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے لیے لیے ایک خوش آئند قدم ہے جہاں سے طلباء دتربیت حاصل کر کے کامیاب زندگی گزاررہے ہیں۔ دنیا کے جن ممالک نے فنی تعلیم کو اپنی بنیادی تعلیم کا حصہ بنایا وہاں معاشی ترقی زیادہ ہے لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ فنی تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور ساتھ ہی ساتھ گاؤں اور دیہات میں غریب طالب علموں جو اتنی فیس ادا نہیں کر سکتے انہیں فنی تعلیم مفت فراہم کی جائے تاکہ چھپا ہوا ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آیئے اور ملک ترقی کی راہوں پر گامزن ہو۔ اس حوالے سے ہمارے دانشوروں کو چاہیے کہ وہ فنی تعلیم کے فروغ کے لیے حکومت کی رہنمائی کریں۔ ■

# سندھ میں جائیداد کی خرید و فروخت کے شعبے میں ترقی

ہدیٰ رانی

پاکستان میں گذشتہ بیس برسوں میں جس شعبے نے تیزی سے ترقی کی ہے وہ رئیل اسٹیٹ کا شعبہ ہے۔ کیونکہ یہ واحد شعبہ ہے جو کم سرمائے میں زیادہ منافع، مستحکم اثاثہ اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے۔ جائیداد میں سرمایہ کاری کو عام طور پر پرکشش منافع حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ کچھ لوگوں کا ماننا ہے کہ جائیداد میں اگر مناسب طریقے سے سرمایہ کاری کی جائے تو یہ سب سے زیادہ آمدنی والی اثاثہ جاتی ذریعہ ہے۔ ایک امریکی رئیل اسٹیٹ سرمایہ کار اینڈریو کارنیجی کا کہنا ہے کہ دنیا کے نوے فیصد دولت مند افراد جائیداد کے شعبہ میں سرمایہ کاری کے ذریعہ زیادہ آمدنی اور اثاثے بناتے ہیں۔ جائیداد کے شعبہ میں سرمایہ کاری کے محفوظ ہونے کی سب سے بڑی وجہ اور اہمیت خود جائیداد ہے۔ کیونکہ آپ اپنی سرمایہ کاری کے بدلے ایک واضح اثاثہ حاصل کر رہے ہیں جو کہ ایک پلاٹ، مکان، یا عمارت کی شکل میں ہوسکتی ہے۔ جائیداد میں سرمایہ کاری، کرنسی میں سرمایہ کاری کے مقابلے میں کہیں زیادہ پرکشش اور منافع بخش ہے کیونکہ کسی کی قوت خرید مہنگائی کے باعث ہر سال کم ہوتی جاتی ہے جبکہ جائیداد کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی کی شرح سے زیادہ ہوتا ہے اور آپ اپنی جائیداد پر وقت گزرنے کے ساتھ منافع حاصل کرتے رہتے ہیں۔

رئیل اسٹیٹ صرف جائیداد کی خرید وفروخت کا نام نہیں بلکہ یہ ایک اہم معاشی شعبہ اور کاروبار ہے جو دنیا میں تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے۔ رئیل اسٹیٹ کی تعریف کچھ اس طرح ہے۔ رئیل اسٹیٹ کسی بھی جائیداد یعنی زمین کے ٹکڑے یا عمارت کے ایک متعین کردہ فضائی اور زمینی حقوق کی ملکیت (رئیل اسٹیٹ) کہلاتی ہے۔ رئیل اسٹیٹ ایک حقیقی یا ٹھوس پراپرٹی کا نام ہے جس کا مطلب رئیل یعنی حقیق پراپرٹی سے جڑا ہونا ہے۔ رئیل کا لفظ انگریزی میں لاطینی لفظ ریس اور ریکس سے آیا ہے جو قدیم زمانے میں بادشاہوں کی ملکیت اور رائلٹی کے لئے استعمال ہوتا تھا۔ رئیل اسٹیٹ کی چار اہم ترین اقسام ہیں۔ جن میں رہائشی پراپرٹی، کاروباری یا تجارتی پراپرٹی، صنعتی پراپرٹی، خالی زمین، وہ زمین جو کاشتکاری یا دیگر امور کے لئے استعمال ہونے والی پراپرٹی شامل ہیں۔

رئیل اسٹیٹ ایک ٹھوس اور حقیقی سرمایہ کاری ہے اور نسل در نسل منتقل ہونے والا سب سے آسان اور مفید اثاثہ ہے۔ بہت سارے لوگوں کو یہ حقیقت پسند ہے کہ وہ اپنے بچوں اور اہلخانہ کے بہتر مستقبل کے لئے جائیداد چھوڑ سکیں۔ کیونکہ ایک منافع بخش سرمایہ ہے۔ ملازمت پیشہ شخص کے لئے ریٹائرمنٹ کے بعد رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری بھی ایک بہترین موقع ہے جہاں ریٹائر ہونے والا شخص بہتر جگہ پر جائیداد میں سرمایہ کاری کر کے معقول آمدنی اور منافع حاصل کر سکتا ہے۔

رئیل اسٹیٹ سیکٹر کسی بھی ملک کی معیشت کی بہتری میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے کیونکہ اس ایک شعبہ سے تقریباً 40 صنعتوں کی ترقی اور مزدوروں کا کاروبار وابستہ ہوتا ہے۔ اس کی واضح مثال کچھ اس طرح ہے کہ ایک عمارت کی تعمیر میں سیمنٹ، بجری، سریا، ٹائلز، بجلی کی تنصیب، گیس کی تنصیب اور دیگر صنعتیں اپنا اپنا کردار ادا کرتی ہیں اور اس طرح ایک گھر یا عمارت کی تعمیر میں یہ تمام شعبے فعال ہو جاتے ہیں لیکن بدقسمتی سے اس شعبہ کو ہمیشہ سے ہی نظرانداز کیا گیا ہے۔ ہمارے ملک میں اس شعبہ کی ترقی کے لئے منصوبہ بندی کا بھی فقدان پایا جاتا ہے۔ آج ہمارے ملک میں تمام تعمیرات کو اگر کسی بلند جگہ سے دیکھا جائے۔ یعنی کسی جہاز سے آپ اگر زمینی منظر دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ہمارے شہروں کی تعمیر بہت بے ہنگم ہے۔ یہ کسی بھی طرح کی منصوبہ بندی اور سوچ کے بغیر بنائے گئے ہیں۔

ملک میں اگر کوئی شہر منصوبہ بندی کے تحت بنایا گیا ہے تو وہ صرف پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد ہے۔ ملک کے دیگر شہروں خاص کر کراچی، لاہور، پشاور اور کوئٹہ کے لئے ماسٹر پلان تو بنائے گئے مگر بدقسمتی سے ان پر ذرہ برابر عمل نہ ہوسکا اور سارے ماسٹر پلان فرسودہ ہوتے چلے گئے۔ لیکن وقت گزرنے کے ساتھ رئیل اسٹیٹ سیکٹر نے ان ماسٹر پلان کی افادیت کو دیکھتے ہوئے ماسٹر پلان کے تحت کام شروع اور مختلف سوسائٹیز اور چھوٹے چھوٹے شہر بڑے شہروں کے مضافات میں آباد کرنے کی نئی حکمت عملی اپنائی جس کو ملک میں بڑی پذیرائی ملی ہے۔ سال 2020ء کورونا وبا کے باعث دیگر شعبوں اور مارکیٹ کی طرح رئیل اسٹیٹ مارکیٹ کے لئے بھی بے سود ثابت ہوا۔ اگر ملک پاکستان میں دو سال قبل کے وبائی دور میں رہائشی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ کا جائزہ لیا جائے تو سال2020ء کے دوران ہماری مقامی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ میں بھی لگ بھگ عالمی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ والا رجحان ہی دیکھا گیا تھا لیکن اس کے باجود کہ ملک کو معاشی بحران کا سامنا تھا کچھ بہتر ہاؤسنگ مارکیٹس کی قیمتوں میں معمولی اضافہ دیکھا گیا جو حیران کن بات تھی۔ اس شعبہ سے وابستہ ماہرین اور پیشہ ور افراد کو توقع ہے کہ نئے مالی سال میں رئیل اسٹیٹ کی مالیت میں محدود اضافہ کا امکان ہے۔ ملک میں رئیل اسٹیٹ کے شعبہ میں جہاں بے پناہ فوائد اور منافع ہے وہیں اس شعبہ کو ملک میں کئی مسائل کا سامنا ہے۔ جس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ملک کی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ بڑی حد تک ایک غیر دستاویزی معیشت پر کام کرتی ہے اور ایک مؤثر ریگولیٹری فریم ورک کی عدم موجودگی کی وجہ سے متعدد مسائل کا سامنا کررہی ہے۔ اس ضوابط کے فقدان پر تمام اسٹیک ہولڈرز، خریداروں، تعمیراتی شعبہ، فروخت کنندگان اور کرایہ داروں کو ہمیشہ شکایات رہتی ہیں۔

ان مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے رئیل اسٹیٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی بل 2019ء قومی اسمبلی سے منظور کیا جاچکا ہے۔ اتھارٹی کا مقصد ہاؤسنگ سیکٹر کے تنازعات کے حل کے لئے مؤثر نظام بنانا ہے۔ رئیل اسٹیٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی بل کے اہم نکات میں یہ باتیں شامل ہیں کہ رئیل اسٹیٹ ایجنٹس کے لئے پاکستان میں کسی بھی قسم کی پراپرٹی فروخت کرنے کے لئے اتھارٹی کے ساتھ اندراج لازمی ہوگا۔ اس میں پلاٹ، مکانات اور عمارت کی فروخت سب شامل ہیں۔ رئیل اسٹیٹ کے کسی بھی منصوبے پر کسی بھی طرح کا کام شروع کرنے سے پہلے ڈویلپرز کے لئے بھی ریگولیٹری باڈی سے منظوری لینا لازم ہوگا۔ ریگولٹری باڈی سے منظوری حاصل کرنے کے لئے ڈویلپرز کو مستقبل کے منصوبوں کے ساتھ اپنے موجودہ اور ماضی کے رئیل اسٹیٹ منصوبوں سے متعلق تمام تفصیلات جمع کرانا ہونگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں ریگولیٹری باڈی کے پاس کسی بھی پروموٹر اور مارکیٹر کا لائسنس منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔ ملک میں رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا ایک بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ یہ اتھارٹی مالک اور خریدار دونوں کے حقوق کا تحفظ کریگی۔ پاکستان خاص طور پر صوبہ سندھ اور ملک کے معاشی حب کراچی میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے لئے بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ اس اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اور صوبے کی زمین کا ڈیٹا جدید طور پر محفوظ کرنے کے لئے محکمہ بورڈ آف ریونیو سندھ نے صوبے کی تمام زمین کا ریکارڈ آن لائن کردیا ہے۔ جس کی معلومات محکمہ کی ویب سائٹ sindhzameen.gos.pk پر وزٹ کرکے حاصل کی جاسکتی ہے۔ زمینیوں کا ریکارڈ آن لائن کیے جانے کے دوران 63 ہزار جعلی زمینوں کے ریکارڈ کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ جس کے خلاف محکمہ بورڈ آف ریونیو نے قانون کے مطابق کارروائی کا آغاز کردیا ہے اور ان تمام ریکارڈ کو بھی درست کیا جارہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ محکمہ بورڈ آف ریونیو سندھ نے صوبے کی عوام کی ذاتی ملکیت کی جائیداد کو شناختی کارڈ سے منسلک کرنے کے لئے بھی نظام متعارف کرایا تاکہ وہ افراد جن کی جائیداد شناختی کارڈ نمبر سے منسلک نہیں وہ محکمہ کے صوبے کے اضلاع میں قائم سروس سینٹر جاکر اپنی جائیداد کی حفاظت کے لئے جائیداد شناختی کارڈ سے منسلک کراسکتے ہیں جبکہ کسی بھی معلومات کے حصول کے لئے محکمہ یو اے این نمبر 111-267-467 پر کال کی جاسکتی ہے۔

سندھ کی عوام دوست حکومت نے صوبے بالخصوص کراچی میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے تعمیراتی شعبے کو مزید مراعات دینے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ جس کے تحت تعمیراتی شعبے اور اس سے منسلک 40 صنعتوں کو فروغ دینے کے لئے کیپٹل ویلیو ٹیکس ختم کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ کیپٹل ویلیو ٹیکس غیر منقولہ جائیداد کی ٹرانزیکشن پر وصول کیا جاتا تھا اور اب کیپٹل ویلیو ٹیکس ختم ہونے سے تعمیراتی صنعت، رئیل اسٹیٹ کا شعبہ اور دیگر منسلک کاروبار کو فائدہ ہوگا۔ جس سے لاکھوں لوگوں کو ملازمت و کاروبار کے مواقع بھی ملیں گے۔

صوبے بھر میں تعمیراتی شعبے کی رہنمائی اور زمین الاٹمنٹ کے بعد ہونے والے ترقیاتی کاموں کی نگرانی کے لئے محکمہ بلدیات کہ صوبائی وزیر سید ناصر حسین کی نگرانی میں عوام کو بہتر سے بہتر سہولتوں کی فراہمی کے لئے مصروف عمل ہے۔ اس وقت صوبے میں محکمہ بلدیات کے ہاؤسنگ اینڈ پلاننگ میں کئی ڈیولپمنٹ اتھارٹی قائم ہیں۔ جن میں سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی، کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی، ملیر ڈیولپمنٹ اتھارٹی، لیاری ڈیولپمنٹ اتھارٹی، حیدرآباد ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور سیہون ڈیولپمنٹ اتھارٹی شامل ہیں۔ سیکریٹری بلدیات ہاؤسنگ و ٹاؤن پلاننگ سندھ صوبے میں غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیموں کے تدارک کے لئے وقت کے ساتھ اجلاس بھی منعقد کرتے رہتے ہیں۔ حال ہی میں سیکرٹری بلدیات نے صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ کی ہدایت پر عوام کو دھوکہ بازی سے محفوظ رکھنے کے لئے صوبے بھر خاص کر کراچی میں ہونے والی غیر قانونی تعمیرات کے رجحان کو روکنے کے اقدامات کا آغاز کیا کیونکہ سندھ کی عوام دوست حکومت صوبے بھر میں عوام کے لئے سستی و تنازعات سے پاک رہائشی اسکیموں کے فروغ پر یقین رکھتی ہے اور صوبے کسی بھی صورت ناجائز قبضے اور تجاوزات کے پھیلاؤ کی اجازت نہیں۔ سندھ حکومت کا دوٹوک موقف ہے کہ غیر قانونی تعمیرات کے مکروہ فعل میں اگر کوئی بھی سرکاری اہلکار یا بااثر شخص بالواسطہ یا بلاواسطہ ملوث ہوگا تو اس کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

یہی نہیں محکمہ بلدیات حکومت نے سندھ عوام کی رہنمائی اور مدد کے لئے ایک ہیلپ لائن 1093 بھی متعارف کرا رکھی جہاں عوام محکمہ بلدیات ہاؤسنگ اینڈ پلاننگ سے متعلق کسی بھی قسم کی رہنمائی اور معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی اہمیت کے باوجود اس بات کو ایک المیہ کہا جائے یا ہمارے تعلیمی نظام کی کوتاہی کہا جائے۔ جہاں ایک طرف پاکستان بھر تعلیمی اداروں اور جامعات میں کئی علیحدہ قسم کی اسپیشلائزیشن اور اعلی تعلیم فراہم کی جاتی ہیں۔ وہیں دنیا کے کسی بھی ملک کی معیشت میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی اہمیت کے باوجود ملک کی کسی جامعہ یا تعلیمی ادارے میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے حوالے سے کوئی تعلیم فراہم نہیں کی جاتی اور یہ ایک بڑا فرق ہے جو رئیل اسٹیٹ کے کاروبار میں قابلیت اور تعلیم کا فقدان ظاہر کرتا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے ملک میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے حوالے سے کوئی مناسب نظام موجود نہیں۔ باوجود اس شعبہ میں آنے والے تمام نئے حضرات محض اپنے بڑوں کے تجربوں کے بل بوتے پر رئیل اسٹیٹ کے کاروبار میں سیکھتے اور پروان چڑھتے ہیں۔

اس فرق کو ختم کرنے، رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی ملک کی معیشت میں اہمیت، نوجوان طلبا، انٹرپرونرشپ اور پیشہ وار رئیل اسٹیٹ حضرات کے لئے اس شعبے کو تعلیمی نصاب کا حصہ بنایا جائے تاکہ اس شعبے کی ترقی سے ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کیا جاسکے۔ آخر میں ایک اور بات ہر شعبہ میں کچھ خامیاں اور نقصان ہوتے ہے یا دھوکہ بازی کا بھی اکثر و بیشتر سامنا ہوتا ہے لیکن اگر آپ نے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں ابھی ابھی سرمایہ کاری کرنا شروع کی ہے تو آپ کچھ غلطیوں کے لئے خود کو ذہنی طور پر تیار رکھیں۔ تاہم یہ بات ہرگز مت بھولیں کہ ضروری تربیت اور رئیل اسٹیٹ کے تجربہ کار ماہرین سے مشورے حاصل کر کے آپ ان غلطیوں سے بچ سکتے ہیں اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں کامیابیاں سمیٹ کر ملک و قوم کی معاشی ترقی میں بھی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ■

سکینہ علی

# پاکستان میں جانوروں کی سب سے قدیم اور محفوظ پناہ گاہ

سندھ کے قدیم اور تاریخی شہر کوٹ ڈیجی سے تقریباً دو کلو میٹر کی مسافت پر واقع ''مہرانو'' ہرنوں کی نایاب نسل اور دوسرے کئی انواع کے جانوروں اور پرندوں کی افزائش اور رہائش کی ایک شاندار جگہ ہے۔ ''مہرانو'' پاکستان کی سب سے قدیم اور بڑی پناہ گاہ ہے۔ لفظ ''مہرانو'' کے معنی دریائے سندھ کے ہیں۔ کسی زمانے میں زمین کا یہ حصہ دریائے سندھ کے کنارے ایک جنگل کی صورت موجود تھا، جہاں شیر، چیتے اور دوسرے کئی جانور کثیر تعداد میں رہا کرتے تھے۔ ویسے بھی میرانِ خیر پور کی اکثر شکار گاہیں دریائے سندھ کے کنارے ہوا کرتی تھیں جو کہ کئی کلو میٹرز کی اراضی پر پھیلی ہوئی ہوتی تھیں۔ پھر جب میر صاحبان نے خیر پور ریاست کی باگ ڈور سنبھالی تو ان کے شکار کا دائرہ صرف ''مہرانو'' تک محدود ہو گیا بعد ازاں میر سہراب خان تالپور جو کہ ریاست خیر پور میرس کے بانی بھی تھے، نے 1790ع میں یہ جنگل ہرنوں اور دوسرے جانوروں کیلئے مخصوص کر دیا اور اس طرح یہ جنگل ان سارے جانوروں کیلئے ایک محفوظ پناہ گاہ بن گیا۔ مہرانو کو ''سندھ وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ'' کی طرف سے ہرنوں اور دیگر جانوروں کی افزائش اور رہائش کیلئے ایک محفوظ پناہ گاہ قرار دیا گیا ہے اور اس کو جانوروں کی خانگی پناہ گاہوں میں ماحولیاتی حوالے سے بے حد اہم تصور کیا جاتا ہے۔ مہرانو جیسی پناہ گاہیں دنیا میں اکثر امیر اور جاگیر دار لوگ، بغیر کسی سرکاری سرپرستی یا تعاون کے بناتے رہے ہیں۔ایسی محفوظ پناہ گاہیں سب سے پہلے روس کے حکمرانوں یعنی زاروں نے قائم کی تھیں۔ اٹھارویں اور انیسویں صدی کے اوائل میں انہوں نے ذاتی طور پر اس طرح کی کئی پناہ گاہیں قائم کی تھیں، لیکن مہرانو ان سب سے قدیم اور منفرد پناہ گاہ ہے۔ مہرانو کو تازہ پانی کے




ذریعے سیراب کیا جاتا ہے۔ یہ پانی قریب سے گزرتے ہوئے ''میر واہ کینال'' سے حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ کینال 300 میل طویل ہے اور یہ میر سہراب خان تالپور نے بنوایا تھا۔ کوٹ ڈیجی تحصیل کا پورا علاقہ سرسبز و شاداب اور حسین ہے، لیکن پچھلے کئی برس سے جنگلات کی کٹائی کے باعث وہاں کا فطری ماحول بری طرح متاثر ہوا ہے۔ مہرانو کو منظم طور پر سنبھالنے کی ذمہ داری ہز ہائی نیس میر علی مراد خان تالپور دوئم پر عائد ہوئی۔ قیامِ پاکستان کے بعد جب ریاست خیر پور کی جداگانہ حیثیت ختم ہو گئی تو انہوں نے باہر کے ممالک میں آنا جانا ترک کر دیا اور 1968 میں میر صاحب نے اپنے شاہی خاندان کی روایتی شکار گاہ ''مہرانو'' کو مہران جنگلی حیات کی خانگی پناہ گاہ میں بدل ڈالا۔ میر علی مراد خان تالپور دوئم نے سندھ حکومت کے ''سندھ وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ'' میں 1986ء سے 1994ء تک رضاکارانہ خدمات سرانجام دیں۔اس پورے عرصے میں میر صاحب کی کاوشوں سے سندھ میں جانوروں اور پرندوں کے تحفظ کے ضمن میں کئی اہم اقدامات کئے گئے۔ یہ پورا عرصہ سندھ میں جنگلی حیات کے تحفظ کے حوالے سے ایک مثالی دور تصور کیا جاتا ہے۔ ان دنوں نارا کینال (خیر پور) اور کوٹ ڈیجی کے پہاڑی علاقے کو

جنگلی حیات کیلئے محفوظ پناہ گاہ قرار دیا گیا۔ 1993ء میں ان علاقوں میں سندھ وائلڈ لائف پروٹیکشن ایکٹ نافذ کیا گیا، جس کے تحت شکار پر سخت پابندی لگادی گئی۔ بد قسمتی سے 1994ء میں سندھ وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ ختم کردیا گیا۔ بعد ازاں میر صاحب نے اپنی ساری توجہ مہرانو پر مرکوز کردی۔ اس سے قبل 1971ء میں میر صاحب نے اپنی ذاتی نگرانی میں ''مہرانو'' میں لاکھوں پودے اور درخت لگوائے تھے تاکہ وہاں موجود سارے جانور ایک فطری ماحول میں گزار سکیں۔ اس طرح مہرانو جانوروں اور پودوں کیلئے ایک بہترین اور مثالی پناہ گاہ بن گیا۔ لہٰذا بڑے اعتماد سے کہا جاسکتا ہے کہ مہرانو پورے ملک میں جنگلی حیات کے تحفظ کے سلسلے میں بنائے جانے والے مستقبل کے منصوبوں کیلئے ایک مثالی حیثیت رکھتا ہے۔ ایک چورس میل کی اراضی پر مشتمل مہرانو میں کئی جانور اور نایاب نسل کے ہرن موجود ہیں۔ ان میں کالے ہرن خاص نسل کے ہیں۔ اس کے علاوہ سینکڑوں بارہ سنگھے بھی مہرانو کی زینت ہیں۔ ہرن اور بارہ سنگھا کے علاوہ دوسرے جانور بھی مہرانو میں موجود ہیں مثلاً جنگلی سور، گیدڑ اور جنگلی بلے وغیرہ۔ ان کے شکار پر سخت پابندی ہے۔ جانوروں کے علاوہ مہرانو میں کئی اقسام کے پرندے بھی رہتے ہیں۔ یہاں ایک جھیل بھی ہے۔ موسم سرما میں مہرانو کے حسن میں اس وقت اور بھی اضافہ ہوجاتا ہے جب سرد ترین ممالک سے آئے ہوئے مختلف اقسام کے رنگ برنگی پرندے اس جھیل میں اپنے لئے وسیع سلامتی کا احساس محسوس کرتے ہیں۔ ایک سروے کے مطابق تقریباً ایک سو اقسام کے پرندے اس جھیل میں آباد ہیں۔ ان میں سے کئی پرندے ایسے ہیں جو سردیوں کے موسم میں روس کے انتہائی شمالی علاقوں، سائبیریا اور دیگر سرد ممالک سے یہاں ہجرت کرکے آتے ہیں۔ یہ پرندے سردیوں کا موسم یہاں گزارنے کے بعد اگلے سال واپس لوٹ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ''آڑی'' (مرغابی) نامی پرندہ بھی اس جھیل میں آکر قیام کرتا ہے۔ ان پرندوں کی تعداد ہزاروں تک بتائی جاتی ہے۔ اس جھیل میں کئی ایسے پرندے بھی ہیں جو گرمیوں کے موسم میں اور کئی موسم بہار میں بھی نقل مکانی کرکے یہاں آتے ہیں۔ پرندوں کو دوستانہ ماحول اور محفوظ پناہ گاہ فراہم کرنے والی یہ جھیل کئی آبی جانوروں کی آماجگاہ بھی ہے۔ کئی اقسام کی مچھلیاں، کچھوے وغیرہ اس جھیل کے حسن میں اضافے کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ موم سرما میں جھیل کنارے سینکڑوں کچھووں کو دھوپ تاپتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ تاہم کچھوے کو اس وقت سندھ کے نایاب آبی جانوروں میں شامل کیا جاچکا ہے۔ مہرانو میں نہ صرف جانوروں اور پرندوں کی بڑھتی ہوئی تعداد قابل دید ہے بلکہ یہاں درختوں اور پودوں کو بھی دیکھا جاسکتا ہے جو نہ صرف ماحول کی خوبصورتی میں اضافے کا باعث ہیں بلکہ ہزاروں پرندوں کی محفوظ رہائش کا ذریعہ بھی ہیں۔

فی زمانہ ہزہائی نیس میر علی مراد خان تالپور نے ریاست خیرپور میرس کی باگ ڈور اپنے فرزند پرنس میر رضا مہدی تالپور کو سونپ دی ہے۔ پرنس میر مہدی رضا تالپور نہ صرف ریاست خیرپور میرس بلکہ مہرانو کے معاملات بھی احسن طریقے سے چلارہے ہیں۔ مہرانو کی حفاظت کے لئے پرنس میر مہدی رضا تالپور نے ذاتی ملازم بھی رکھے ہوئے ہیں جبکہ سندھ وائلڈ لائف ڈیولپمنٹ بورڈ کی طرف سے 12 ملازمین مقرر کئے گئے ہیں جن میں 2 گیم انسپیکٹر، 7 محافظ، 2 ڈرائیور جانوروں کو گھاس ڈالنے کی خاطر استعمال ہونے والے 2 ٹریکٹر چلانے کیلئے اور جبکہ 1 ملازم واٹر پمپ پر مقرر ہے۔ واٹر پمپ کے ذریعے میر واہ کینال سے پانی حاصل کیا جاتا ہے۔ ہزہائی نیس میر علی مراد خان تالپور کو مہرانو سے اتنا لگاؤ تھا کہ وہ ایک ہی نظر میں سارے جانوروں اور پرندوں کی شناخت کرسکتے تھے۔ یہی لگاؤ اور دلچسپی مہرانو جیسی پناہ گاہ کی بقاء کا باعث ہے۔ گزشتہ سالوں میں مہرانو میں کئی اقسام کے درخت اور پودے لگوائے گئے تھے جن کی نشونما ہونے کے بعد آج یہاں بیسیوں اقسام کے پرندے بڑے مزے سے اور شکار ہونے کے خوف کے بغیر رہ رہے ہیں۔ مہرانو میں موجود اتنی بڑی تعداد میں جانوروں کو سنبھالنا بہت دشوار کام ہے، لہٰذا حکومت وقت کی یہ ذمہ داری ہے کہ مہرانوں جیسی جانوروں اور پرندوں کی پناہ گاہ کی حفاظت کے لئے خاطر خواہ اقدامات کئے جائیں، تاکہ جنگلی حیات کا تحفظ یقینی ہوسکے۔■



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے یو این ایچ سی آر کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیلیٰ نگمینو وا، وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہی ہیں، اس موقع پر صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن مکیش کمار چاولہ، ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب، صوبائی مشیر برائے بحالی و ریلیف رسول بخش چانڈیو اور چیف سیکریٹری ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت بھی موجود ہیں۔



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، بارش اور سیلاب کی تباہ کاریوں کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں، اس موقع پر صوبائی وزیر اطلاعات و بلدیات شرجیل انعام میمن، ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب اور صوبائی مشیر برائے بحالی و ریلیف رسول بخش چانڈیو بھی موجود ہیں۔

ہفت وار

# سندھ منظر

## 6 ستمبر: یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر شہداء کو خراج عقیدت




محکمہ اطلاعات، حکومت سندھ